بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر ص اب/س/2/8/2018 مورخہ 2/اکتوبر 2020

بخدمت

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

عنوان:۔ **مشترکہ قرارداد نمبر 84**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 11/ستبر 2020 میں ذیل منظور شدہ مشترکہ قرارداد نمبر 84 منجانب جناب نصراللہ خان زیرے اور محترمہ شکیلہ نوید قاضی اراکین اسمبلی برائے ملاحظہ ومذید کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔ (نیز قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر (2)114 کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں)۔

"ہرگاہ کہ کوئٹہ سمیت صوبہ کے مختلف اضلاع میں بڑے پیمانے پر ہزاروں لوگوں نے جعلی لوکل/ڈومسائل سرٹیفکیٹس بنوا کر صوبہ کے لیے مختص کردہ مختلف گیگر یز کی آسامیوں پر غیر قانونی طریقے سے ملازمتیں حاصل کی ہیں جو صوبہ کے بے روزگار نوجوانوں کے حقوق پر غاصبانہ قبضے کے مترادف ہے جس کی وجہ سے صوبہ کے عوام بالخصوص تعلیم یافتہ نوجوانوں میں بے چینی ور مایوسی پائی جاتی ہے جبکہ سینٹ آف پاکستان نے بھی اس سلسلے میں متفقہ قرارداد منظور کی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ جعلی لوکل/ڈومسائل کی روک تھام اور پہلے سے جاری کیے گئے جعلی لوکل/ڈومسائل کے فوری منسوخی کے بارے میں صوبہ کے تمام اضلاع میں موثر جامع طریقہ کار وضع کرنے نیز مقامی سطح پر تمام اسٹیک ہولڈرز اور سیاسی جماعتوں پر مشتمل کمیٹیوں کے قیام کو یقینی بنائے تاکہ صوبہ کے بے روزگار نوجوانوں میں پائی جانیوالی شدید اضطراب کا خاتمہ ممکن ہو سکے"۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری،

نقل برائے اطلاع وضروری کارروائی مرسل ہوئے:۔

1) جناب نصراللہ خان زیرے اور محترمہ شکیلہ نوید قاضی اراکین اسمبلی/محرکین قرارداد۔
2) جناب سیکرٹری برائے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، ایوان صدر، اسلام آباد۔
3) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم اسلامی جمہوری پاکستان، اسلام آباد۔
4) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ آف پاکستان پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد۔
5) جناب سیکرٹری، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد۔
6) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
7) جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ وقبائلی امور، حکومت بلوچستان۔کوئٹہ۔
8) جناب سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
9) جناب سیکرٹری محکمہ ملازمتہائے وعمومی نظم ونسق، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
10) جناب سیکرٹری محکمہ قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
11) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔سندھ، کراچی۔خیبر پختونخوا، پشاور۔قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔قانون ساز اسمبلی گلگت بلتستان، گلگت۔

02/10/2020

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری، (سوالات)

Scanned with CamScanner